## بلوچستان میں ترقی و خوشحالی کا نیا دور شروع ہوگا، صوبائی وزراء

وفاقی حکومت کے فیصلے سے بلوچستان کے عوام کا وفاق پر اعتماد مزید بحال ہوگا' کچھی کینال منصوبے سے زراعت کے شعبے میں انقلاب آئیگا' سلیم کھوسہ

آئندہ بجٹ میں میگا منصوبے شامل کئے جائینگے' بلوچستان کو دیگر صوبوں کے برابر لانے کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے' گیلو اور زرک مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ، صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو اور رکن اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے بعد حاصل ہونے والے مالی فوائد سے بلوچستان کی ترقی و خوشحالی پر دور رس نتائج مرتب ہونگے، وفاقی حکومت کے فیصلے سے بلوچستان کے عوام کا وفاق پر اعتماد مزید بحال اور مضبوط ہوگا، صوبے کی ترقی و خوشحالی کے لئے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں میگا منصوبے شامل کیے جائیں گے۔ یہ بات انہوں نے مشترکہ بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا دیرینہ مطالبہ رہا ہے کہ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو دو رویہ کیا جائے لیکن اس منصوبے کے لئے جو فنڈز مختص تھے اس سے شاہراہ طویل مدت میں مکمل ہوتی لیکن وفاقی حکومت نے احسن اور بلوچستان دوست فیصلہ کرتے ہوئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا اطلاق نہ کرکے حاصل ہونے والے مالی فوائد کو اس منصوبے کے لئے مختص کیا، جس سے منصوبہ دو سال کی قلیل مدت میں مکمل ہو پائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان دیگر صوبوں سے ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ گیا، اسے دیگر صوبوں کے برابر لانے اور عوام کے اعتماد کو بحال و احساس محرومی کے خاتمے کے لئے ایسے مزید اقدامات کی ضرورت ہے اور امید ہے کہ وفاقی حکومت آنے والے بجٹ میں بھی بلوچستان کے لئے خطیر رقم مختص کریگی۔ انہوں نے کہا کہ کچھی کینال فیز II منصوبے کو ترجیحی بنیادوں کو مکمل کرنے سے صوبے کی زراعت کے شعبے میں بھی انقلاب برپا ہوگا اس منصوبے سے بلوچستان کے زمینداروں کو روزگار میسر آئے گا اور وہ بہتر انداز میں زمینوں کو سیراب کر سکیں گے، انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف کی قیادت اور وزیراعظم میاں شہباز شریف کی سربراہی میں وفاقی حکومت نے بلوچستان کے لئے جن اقدامات کا آغاز کیا ہے ان سے صوبے میں ترقی و خوشحالی کا نیا دور شروع ہوگا ساتھ ہی بلوچستان میں شدت پسندوں کی سرگرمیوں کے خاتمے میں مدد ملے گی۔

---

## کوئٹہ کراچی شاہراہ اب محفوظ سفر کی علامت بنے گی' مینا مجید بلوچ

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی بچت سے شاہراہ کی تعمیر خوش آئند ہے' بیان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ہیلتھ و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے وفاقی حکومت کی جانب سے عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی سے حاصل ہونے والی بچت کو بلوچستان کے اہم ترقیاتی منصوبوں پر صرف کرنے کے فیصلے کو خوش آئند قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ این 25 چمن کوئٹہ قلات خضدار کراچی شاہراہ کو دو رویہ کرنے کا فیصلہ خوش آئند ہے کیونکہ کوئی ایسا دن نہیں ہوتا جب اس شاہراہ پر ٹریفک حادثے میں جانی نقصان نہ ہو صوبائی مشیر نے کہا کہ خونی شاہراہ کے طور پر جانی جانے والی شاہراہ اب ترقی، خوشحالی اور محفوظ سفر کی علامت بنے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 17 APR 2025 Page No. 18

# بیروزگار نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار دیکر ترقی کی رفتار تیز کرینگے بخت محمد کاکڑ

دہشت گردی کے خاتمے کیلئے حکومت' سیکورٹی ادارے اور عوام ایک پیج پر، دہشت گردی کا خاتمہ کرکے دم لیں گے' وزیر صحت بلوچستان

صوبے کے ترقی کی راہ پر میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں نمٹا جائے گا ان کے ساتھ کوئی رعایت نہیں ہوگی بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بے روزگار نوجوانوں کو میرٹ کے مطابق روزگار دیکر صوبے کی ترقی کی رفتار بڑھائیں گے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے حکومت' سیکورٹی ادارے اور عوام ایک پیج پر ہے جلد سے صوبے بھر سے دہشت گردی کا خاتمہ کرکے دم لیں گے شرپسند عناصر کے ساتھ کوئی رعایت نہیں بھرتی جائے گی آنیوالے بجٹ میں صوبہ بھر سمیت حلقہ انتخاب کیلئے میگا اسکیمات لائیں گے اور حلقہ انتخاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کرینگے' یہ بات انہوں نے ملنے والی مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ بے روزگار نوجوانوں کو روزگار دلانے کیلئے جلد خالی آسامیاں مشتہر کی جائے گی اور تمام بے روزگار نوجوانوں کو میرٹ کے مطابق روزگار مہیا کریں گے تا کہ وہ اپنی زندگی خوشحال بنا سکے اور صوبے کی ترقی وخوشحالی میں اپنا حصہ ڈال سکیں اور بے روزگار نوجوانوں کیلئے مختلف طریقوں سے روزگار کی فراہمی کیلئے موجودہ صوبائی حکومت تمام تر توانائیاں بروئے کار لا رہی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیکورٹی ادارے' عوام اور حکومت ایک پیج پر ہے جلد صوبے سے دہشت گردی کا خاتمہ کرکے بلوچستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرینگے صوبے کے ترقی کی راہ پر میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں نمٹا جائے گا اور ان کے ساتھ کوئی رعایت نہیں بھرتی جائے گی

# زراعت کے فروغ کیلئے نہری نظام کو بہتر کرنا ہوگا، فیصل جمالی

کھیرتر کنال کی بل صفائی اور ری ماڈلنگ سے ٹیل کے کاشتکاروں کو پانی کی فراہمی ممکن ہوگی

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ زراعت کو فروغ دینے کے لیے نہری نظام کو بہتر کرنا ہوگا کھیرتر کنال کی بل صفائی اور ری ماڈلنگ سے ٹیل کے کاشتکاروں کو زرعی پانی کی فراہمی ممکن ہوگا بلوچستان حکومت زراعت کی فروغ کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لا رہی ہے عام انتخابات میں زمینداروں اور کسانوں سے کیا گیا وعدہ پورا کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار صوبائی لائیوسٹاک ایم پی اے استامحمد سردارزادہ فیصل خان جمالی نے مین کھیرتر کینال گزنگ کی مقام پر بل صفائی اور ری ماڈلنگ کی جاری ترقیاتی کاموں کے معائنہ کے موقع پر مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا اس موقع پر ایکسین کھیرتر کینال مہراللہ انصاری ایس ڈی او انجینئر حاجی عابد سیال ایس ڈی او حاجی کریم بخش جویا بھی موجود تھے صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ عام انتخابات میں عوام سے کیے گئے وعدے ہر صورت میں پورے کیے جائیں گے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 17 APR 2025 Page No. 18

# سرمایہ کاری نہ آنے کی باتیں پروپیگنڈا، بلوچستان میں دہشتگردوں پر کاری وار کیا جائیگا، آرمی چیف

سوشل میڈیا پر اطلاع جیسی آئے ویسے ہی آگے بڑھا دی جاتی ہے، ذمہ دارانہ استعمال کیا جائے، جنرل سید عاصم منیر

جس ملک کے تمام ادارے آئین و قانون کے مطابق کام کریں ایسی ریاست کو ہارڈ سٹیٹ کہا جاتا ہے، خطاب

راولپنڈی (زاہد احمد خان) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے سوشل میڈیا پر اطلاع جیسی آئے ویسے ہی آگے بڑھا دی جاتی ہے، ذمہ دارانہ استعمال کیا جائے، گزشتہ روز سمندر پار پاکستانیوں کی تقریب سے خطاب میں جنرل عاصم منیر نے کہا قرآن پاک کہتا ہے جب تمہارے پاس کوئی اطلاع آئے تو اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو مگر سوشل میڈیا پر اطلاع جیسی آئے ویسے ہی آگے بڑھا دی جاتی ہے جس.......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

ملک کے تمام ادارے آئین و قانون کے مطابق کام کریں ایسی ریاست کو ہارڈ سٹیٹ کہا جاتا ہے، جنرل سید عاصم منیر نے کہا بلوچستان میں موجود 1500 دہشتگرد منزل نہیں چھین سکتے، آنے والے دنوں میں بلوچستان میں دہشتگردوں پر کاری وار کیا جائے گا، دہشتگردی کی کچھ کارروائیوں کی وجہ سے کہا جاتا ہے سرمایہ کاری نہیں آسکتی، سیکیورٹی صورتحال کی وجہ سے سرمایہ کاری نہ آنے کی باتیں پروپیگنڈا ہیں۔

# ریکوڈک دنیا کے سب سے بڑے غیر ترقی یافتہ تانبے و سونے کے منصوبوں میں شامل

غیر ملکی کمپنی بیرک کے ساتھ پاکستان کی وفاقی اور بلوچستان کی صوبائی حکومت بھی شراکت دار ہے، مارک برسٹو

فلور کا انتخاب مشترکہ عزم کا اظہار، کان کنی کے بڑے منصوبے محفوظ، ذمہ دارانہ اور مؤثر طریقے سے مکمل کیے جائیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ریکوڈک جوائنٹ وینچر کے شیئر ہولڈرز نے منصوبے کی تازہ ترین فیزیبلٹی اسٹڈی کی منظوری دے دی ہے اور اس سے منسلک فیز 1 کی ترقیاتی سرمایہ کاری کی منظوری بھی دے دی ہے، جو کہ 3 ارب ڈالر تک کی محدود وسائل پر مبنی منصوبہ جاتی مالی معاونت کی فراہمی سے مشروط ہے۔ یہ منظوری منصوبے کو 2025 میں بڑے تعمیراتی کاموں کے آغاز کی اجازت دیتی ہے، جبکہ.......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

2028 کے اختتام تک پہلی پیداوار کے ہدف کو برقرار رکھا گیا ہے۔ اسی موقع پر شیئر ہولڈرز نے فلور کارپوریشن کو مرکزی انجینئرنگ، پروکیورمنٹ اور تعمیراتی انتظام (Engineering, Construction and Procurement Management EPCM) کا پارٹنر منتخب کیا ہے۔ فلور، بیرک کی اونر ٹیم کے ساتھ مل کر منصوبے کے تفصیلی ڈیزائن اور تعمیرات پر کام کرے گی۔

# بلوچستان میں کورنیل آئی ٹرانسپلانٹ کا آغاز، ہیلپر ہسپتال میں 75 مریضوں کی آنکھوں کی کامیاب پیوندکاری

پروفیسر ڈاکٹر شمس بازئی کی سربراہی میں صوبے کے ماہر آئی سرجنز کی ٹیم نے آنکھوں کی پیوندکاری کے کامیاب آپریشن کیے

پیوندکاری کے لیے کارنیا امریکہ میں مقیم ڈاکٹر فواد اور ڈاکٹر اجمل پانیزئی کی جانب سے بلوچستان کے عوام کیلئے عطیہ کیے گئے

کوئٹہ (خ ن)۔ ایم ایس ہیلپر آئی ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر محمد اسحاق پانیزئی کی کاوشوں سے بلوچستان میں پہلی مرتبہ کورنیل آئی ٹرانسپلانٹ شروع کر دیا گیا ہیلپر آئی ہسپتال کوئٹہ میں 75 مریضوں کے آنکھوں کی پیوندکاری کے کامیاب آپریشن (کورنیل آئی ٹرانسپلانٹ) کیے گئے ہیلپر آئی ہسپتال کوئٹہ کے ڈاکٹر ایمل، ڈاکٹر سیف اللہ ترین اور ڈاکٹر مہتاب مینگل (کورنیل آئی ٹرانسپلانٹ) کی ٹیم .......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کو لیڈ کر رہے ہیں ڈاکٹر محمد اسحاق پانیزئی نے بتایا کہ آنکھوں کی پیوندکاری کے آپریشن (کورنیل آئی ٹرانسپلانٹ) کے لیے کارنیا امریکہ میں مقیم ڈاکٹر فواد اور ڈاکٹر اجمل پانیزئی کی جانب سے بلوچستان کے عوام کے لیے عطیہ کیے گئے ہیلپر آئی ہسپتال کوئٹہ کے سربراہ شعبہ چشم پروفیسر ڈاکٹر شمس بازئی کی سربراہی میں ڈاکٹر سیف اللہ ترین، ڈاکٹر سیف اللہ ناصر، ڈاکٹر افضل مندوخیل، ڈاکٹر ایمل، ڈاکٹر منظور، ڈاکٹر نجیب، ڈاکٹر مہتاب مینگل نے آنکھوں کی پیوندکاری کے کامیاب آپریشن کیے اس وقت بلوچستان میں تقریباً 700 رجسٹرڈ مریض اندھے پن (بیمار کورنیا) کا شکار ہیں ایم ایس ہیلپر آئی ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر محمد اسحاق پانیزئی کی کاوشوں سے ہیلپر ہسپتال میں کورنیل آئی ٹرانسپلانٹ کی مفت سرجری کی جا رہی ہے

# عوام کی شکایات کے ازالے کیلئے کوشاں ہیں، ریجنل محتسب

کے الیکٹرک کی جانب سے اوور بلنگ اجراء پر شکایات سے آگاہ کیا گیا

مسائل حل نہ ہونے پر محکموں کو شوکاز جاری کرینگے، محمد کاشف کی گفتگو

اوتھل (خ ن) وفاقی ریجنل محتسب خضدار زون محمد کاشف نے کہا ہیکہ وفاقی محتسب ریجنل افس عوام الناس کی شکایات ازالے کیلئے کوشاں ہے محتسب ریجنل آفس کے احکامات پر عملدرآمد کے لئے یو وفاقی ادارے پابند ہیں اگر کسی محکمے نے کوتاہی کی تو اس کیخلاف ایکشن ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے سرکٹ ہاؤس اوتھل میں کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کیا محمد کاشف نے کہا کہ سرکاری اور نجی ادارے عوام الناس کو سہولیات فراہم کریں اس سلسلے میں کوہ کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی عوام کی شکایات کی دادرسی کو یقینی بنایا جائیگا شہریوں نے کے الیکٹرک کی جانب سے اوور بلنگ اجراء اور محکمہ پلانٹ پروٹیکشن سے متعلق ریجنل محتسب کو شکایات سے آگاہ کیا وفاقی ریجنل محتسب نے وفاقی اداروں اور پاور جنریشن سیکٹر کے ادارے کی ناقص کارکردگی کا نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ عوام اور صارفین کے مسائل حل نہ کرنے والے اداروں کے افسران کو شوکاز جاری کیا جائیگا کھلی کچہری میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سراج کریم بلوچ چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سردار عبدالرشید پھوراء اور سرکاری محکموں کے افسران شریک ہوئے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 17 APR 2025

Page No. 20


## پولیس موبائل پر حملے میں ملوث دہشتگردوں کی گرفتاری کیلئے ایک کروڑ انعام کا اعلان

### انعام معلومات فراہم کرنے والے کو دیا جائے گا اور اس کا نام صیغہ راز میں رکھا جائیگا، حکومت بلوچستان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان حکومت نے نیو سریاب پولیس موبائل پر حملے میں ملوث دہشتگردوں کی گرفتاری میں معاونت فراہم کرنے والے کیلئے 10 ملین روپے انعام کا اعلان کردیا۔ سی ٹی ڈی ذرائع نے بتایا ہے کہ دس اپریل کو کوئٹہ کے نیو سریاب پولیس موبائل پر دہشت گردوں کے حملہ میں فائرنگ سے نیو سریاب تھانے کا سب انسپکٹر عبدالولی تنولی کانسٹیبل عبدالرحمن اور کانسٹیبل مختیار شہید ہوئے تھے، سی ٹی ڈی بلوچستان نے حملہ میں ملوث دہشت گردوں کے بارے میں ان کی گرفتاری کے حوالے سے معلومات فراہم کرنے والے کو 10 ملین روپے دینے کا اعلان کیا ہے، اطلاع دینے والے کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

## جعفر ایکسپریس حملہ، ہلاک ہونیوالے 23 دہشتگردوں کی ڈی این اے سیمپلنگ

### کسی کے فیملی ممبر نے ابھی تک رابطہ نہیں کیا، سیمپلنگ کا مقصد شناخت کو ممکن بنانا ہے

اسلام آباد (این این آئی) جعفر ایکسپریس حملہ کیس میں ہلاک کیے گئے 23 حملہ آوروں کی ڈی این اے سیمپلنگ کر لی گئی۔ سی ٹی ڈی کے مطابق کسی بھی فیملی ممبر کی جانب سے ابھی تک رابطہ نہیں کیا گیا، ڈی این اے سیمپلنگ کا مقصد یہ ہے کہ اگر کوئی فیملی رابطہ کرے تو ان کی شناخت ممکن ہو سکے۔ یاد رہے کہ رواں ہفتے امریکی اخبار کی تحقیقات میں پاکستان میں ہونے والے دہشت گرد حملوں میں افغانستان کو دیا گیا امریکی اسلحہ استعمال ہونے کے پاکستان کے دعوے کی تصدیق ہوئی تھی۔ واشنگٹن پوسٹ کے مطابق 2018ء میں امریکا میں بننے والی M4A1 رائفل گزشتہ ماہ بلوچستان ٹرین حملے کے بعد حملہ آوروں کے پاس سے برآمد ہوئی تھی۔

## تعلیم کے بغیر ترقی کی منازل طے نہیں کرسکتے، ڈی سی نصیر آباد

### نئے اساتذہ کی تعیناتی سے کئی اسکول فعال ہونگے، آرڈر تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد کاکڑ نے کہا ہے کہ کوئی بھی قوم تعلیم کے بغیر ترقی کی منازل طے نہیں کرسکتی انہوں نے 180 نئے اساتذہ میں تعیناتی کے آرڈر تقسیم کرتے ہوئے کہا کہ آپ پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ایمانداری کے ساتھ فرائض کی ادائیگی کرتے ہوئے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کریں آپ لوگوں کی تعیناتی سے کئی اسکول فعال ہونے کے ساتھ تعلیم کو فروغ ملے شرکاء سے ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن عبدالواسع کاکڑ ایڈیشنل ڈائریکٹر ریاض بھنگر سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا مقررین نے کہا کہ کمیونٹی کے ساتھ مل کر ہمیں علم کی شمع کو مزید روشن رکھنا ہوگا۔

## انٹرمیڈیٹ کے امتحانات، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن کی زیر صدارت اجلاس

وزیر تعلیم کی آن لائن شرکت

### کالج پرنسپلز امتحانی مرکز کی نگرانی کیلئے انسپکٹر نامزد، روزانہ کی بنیاد پر انتظامیہ کو رپورٹ دی جائیگی، صالح محمد بلوچ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکرٹری کالجز ہائیر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن صالح محمد بلوچ کی زیر صدارت بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحان 2025 کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے آن لائن شرکت کی، جبکہ سیکرٹری بلوچستان بورڈ آفس محمد عظیم ساجدی، کنٹرولر امتحانات عابدہ کاکڑ، ڈپٹی سیکرٹری بلوچستان بورڈ شمس اللہ خان و دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔ اجلاس میں کنٹرولر امتحانات نے اجلاس کو ایف اے، ایف ایس سی امتحانات کی تیاریوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے امتحانات کے لیے کی گئی تیاریوں پر اطمینان کا اظہار کیا اور اس سلسلے میں محکمہ کالجز ٹیکنیکل و ہائیر ایجوکیشن اور بلوچستان بورڈ آفس کی کارکردگی کو سراہا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مردانہ امتحانی مراکز میں سو فیصد ڈیوٹیوں کی تکمیل آج ہی مکمل کی جائے، جس کے تحت سپرنٹنڈنٹ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اور ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ کی ذمہ داریاں موزوں اساتذہ کو سونپی جائیں گی۔ خواتین کی امتحانی مراکز میں بھی ترجیحی بنیادوں پر خواتین عملہ تعینات کیا جائے گا، تاہم بعض اضلاع میں شام کے اوقات میں خواتین عملے کی دستیابی میں مشکلات کے پیش نظر، اگر ضروری ہو تو مرد عملہ 15 اپریل تک تعینات کیا جائے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ امیدواروں کو رول نمبر سلپس جاری کردی گئی ہیں اگر جن کو نہیں ملا ہے ان کو ترسیل کر دیا جائے۔ اجلاس نے فیصلہ کیا کہ اگر کسی امیدوار کو مرکز کی تبدیلی درکار ہو تو وہ موجودہ ضوابط کے مطابق مقررہ تاریخ یعنی 18 اپریل تک اس عمل کو مکمل کرے، اور فیس صرف یو بی ایل بینک کے ذریعے جمع کروائے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کالج پرنسپلز کو امتحانی مراکز کی نگرانی کے لیے انسپکٹر کے طور پر نامزد کیا جائے گا، جو روزانہ کی بنیاد پر معائنہ کر کے انتظامیہ کو رپورٹ دیں گے۔ مزید برآں، امتحانات کی شفاف نگرانی کے لیے انتظامی محکمہ اور بی بی آئی ایس ای کی سطح پر ایک ٹاسک فورس تشکیل دی جائے گی، جس میں ایڈیشنل سیکرٹریز، ڈپٹی سیکرٹریز اور سیکشن آفیسرز کو صوبے کے تمام ڈویژنوں میں مانیٹرنگ کی ذمہ داریاں سونپی جائیں گی۔ امتحانات کے دوران نقل کی روک تھام کے لیے بی بی آئی ایس ای کی جانب سے ڈیلی اٹینڈنس مانیٹرنگ سسٹم تک رسائی فراہم کی جائے گی۔

## کچلاک: شہری سے نکاح نامہ طلب کرنیوالے دو سب انسپکٹرز کی تنزلی، 2 کانسٹیبل برطرف

### شہری کی شکایت درست ثابت ہونے پر ڈی آئی جی کوئٹہ کا اقدام، پولیس کسی سے نکاح نامہ طلب کرنے کی مجاز نہیں، ایس ایس پی آپریشنز

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی کوئٹہ نے شہری سے نکاح نامہ اور رشوت طلب کرنے پر کچلاک تھانے کے دو سب انسپکٹرز کی تنزلی اور دو کانسٹیبل کو برطرف کردیا ذرائع کے مطابق ڈی آئی جی کوئٹہ اعتزاز گورایہ کو ایک شہری نے درخواست دی تھی کہ وہ اپنی فیملی کے ہمراہ گاڑی میں جا رہا تھا کہ ڈی ایچ اے کے قریب پولیس نے ان سے نکاح نامہ طلب کیا اور موقع پر نکاح نامہ نہ ہونے پر پولیس اہلکاروں نے رشوت کا مطالبہ کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ ڈی آئی جی کوئٹہ نے شہری کی شکایات پر انکوائری کا حکم دیا انکوائری رپورٹ میں یہ بات سامنے آئی کہ پولیس اہلکاروں نے ایک خاندان کو روک کر نکاح نامہ اور رشوت طلب کی جس پر کچلاک تھانے کے سب انسپکٹر سہیل احمد، سب انسپکٹر محمد علی کی تنزلی کرتے ہوئے دونوں کو اے ایس آئی بنادیا جبکہ دو کانسٹیبل محمد عارف اور کانسٹیبل فرید اللہ کو ملازمت سے برطرف کردیا دریں اثنا ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ محمد بلوچ نے اس حوالے سے بتایا کہ پولیس شہریوں سے نکاح نامہ طلب کرنے کی مجاز نہیں۔ اگر کوئی بھی پولیس اہلکار آپ سے نکاح نامہ یا رشوت طلب کرے تو بلوچستان پولیس کی ویب سائٹ یا 15 پر کال کر کے شکایت کا اندراج کیا جائے جس پر فوری ایکشن لیا جائیگا۔

CamScanner

## بلوچستان آنے اور جانے والی ٹرینوں میں سیکورٹی بڑھادی، آئی جی ریلوے

اہلکاروں کو جدید اسلحہ اور رات کی تاریکی میں دور تک دیکھنے والی دوربین بھی فراہم کی گئی ہیں، محمد طاہر

کوئٹہ سمیت دیگر شہروں سے چلنے والی ٹرینوں میں سیکورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کردیے گئے ہیں اور نفری 11 سے بڑھا کر 40 کردی گئی ہے

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل ریلوے محمد طاہر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کوئٹہ سمیت دیگر شہروں سے چلنے والی ٹرینوں میں سیکورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کردیے گئے ہیں اور نفری 11 سے بڑھا کر 40 کردی گئی ہے، اس کے ساتھ سیکورٹی اہلکاروں کو جدید اسلحہ اور رات کی تاریکی میں دور تک دیکھنے والی دوربین بھی فراہم کی گئی ہیں۔ انہوں نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ، سبی اور مچھ ریلوے اسٹیشنوں کی باؤنڈری وال تعمیر کی جائے گی، بقیہ نمبر 34 صفحہ 5 پر

برجیاں بنا کر اسنا پر تعینات کیے جائیں گے۔ سیکورٹی پر کسی بھی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، سیکورٹی اہلکاروں کو جدید اسلحہ اور رات کی تاریکی میں دور تک دیکھنے والی دوربین بھی فراہم کی گئی ہیں جبکہ وائرلیس سسٹم کو بھی اپ گریڈ کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے میٹریل کی چوری روکنے کے لیے اہم اقدامات کررہے ہیں، ڈیوٹی سے جانے والا فوٹیج بنا کر جایا کرے گا اور دوسرے کو چارج دے گا۔ اسی طرح، دوسرا بھی ڈیوٹی آف کرتے وقت ویڈیو بنا کر دے گا جو مین کنٹرول سینٹر میں بھی محفوظ ہوا کرے گی۔ آئی جی ریلوے نے کہا کہ قبضہ مافیا کے خلاف بھرپور کارروائیاں کی جائیں گی اور ہر صورت زمین واگزار کروائی جائے گی۔ تمام تھانوں میں اسٹیشنری سمیت روزمرہ کا استعمال ہونے والا بنیادی سامان پہنچا دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے پولیس اہکاروں کے فنڈز اسکیل دوسری فورسز کے برابر اپ گریڈ کرنے کے لیے سمری بھجوادی گئی ہے، فنڈز کی کمی ہے مگر وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے یقین دہانی کروائی ہے کہ فنڈز فراہم کیے جائیں گے جبکہ ریلوے تنصیبات اور ٹرینوں کی سیکیورٹی کو جدید طرز پر مکمل کریں گے اس کیلیے ایک جامع پلان بنایا گیا ہے۔ آئی جی کا کہنا تھا کہ ریلوے پولیس میں جزا اور سزا دونوں پر ہی عمل ہوگا، وسائل فراہم کرنے کے بعد اس پر بھی فوری عمل درآمد شروع ہوجائے گا تاکہ کسی کے پاس کوئی جواز نہ ہو۔

## کوئٹہ میں ڈاکخانوں کی بندش کے حوالے سے خبر کی تردید

اس وقت کل 44 ڈاکخانے ہیں جن میں 42 فعال ہیں، منیجر مارکیٹنگ

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان پوسٹ کے منیجر مارکیٹنگ فیصل جہانگیر نے پوسٹ آفس کوئٹہ میں ڈاک خانوں کی بندش کی خبر کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس وقت کوئٹہ میں کل 44 ڈاکخانے ہیں جن میں 42 فعال ہیں اور یونیورسٹی ڈاکخانہ گزشتہ ماہ جلاؤ گھیراؤ جبکہ برووری روڈ ڈاکخانہ جائیداد مالک کی جانب سے خالی کرانے کی وجہ سے بند ہے۔ چند ہفتے پہلے عالمو چوک ڈاکخانے میں ڈکیتی ہوگئی تھی جس کی وجہ سے سریاب روڈ، سیٹلائٹ ٹاؤن، پشتون آباد، سریاب مل، بزارنجی پوسٹ آفس کو سیکورٹی انتظامات نہ ہونے کی وجہ سے صرف یوٹیلیٹی بل جمع کرنے سے منع کیا گیا ہے تاہم ان ڈاکخانوں میں رجسٹری، پارسل وغیرہ کی بکنگ جاری ہے۔ اس کے علاوہ صارفین کی سہولت کے لیے کوئٹہ جی پی او میں یوٹیلیٹی بل کے لیے کاؤنٹر کھولے گئے ہیں۔ پاکستان پوسٹ صارفین کی خدمت کے لیے پیش پیش ہیں۔

## آئی جی جیل خانہ جات سے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کی ملاقات

ملاقات میں جیلوں کے اندر قید افراد کو درپیش مسائل اور دیگر امور پر بات چیت کی گئی

کوئٹہ (آئی این پی) انسپکٹر جنرل آف پولیس جیل خانہ جات کیپٹن ریٹائرڈ سعید نوید نے کہا ہے کہ صوبے کی بزنس کمیونٹی کے ساتھ مشترکہ اقدامات سے بلوچستان میں ترقی اور باہمی تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ بدھ کے روز ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے سنیئر بقیہ نمبر 8 صفحہ 5 پر

نائب صدر حاجی اختر کاکڑ کی سربراہی میں ملنے والے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ گزشتہ روز ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے وفد نے آئی جی جیل خانہ جات پولیس، کیپٹن ریٹائرڈ سعید نوید سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اس موقع پر مختلف اداروں سے تعلق رکھنے والے افسران بھی موجود تھے۔ ملاقات میں جیلوں میں قید افراد کو درپیش مسائل و دیگر امور پر مفصل گفتگو اور تبادلہ خیال کیا گیا۔

## افغان باشندوں کو کیمپ میں تمام سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، ڈی سی چمن

کیمپ میں موجود باشندوں میں کھانے پینے کی اشیا خود بھی تقسیم کیں، حبیب احمد بنگلزئی

چمن (آن لائن) ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی نے چمن بارڈر پر قائم کی گئی ود ہولڈنگ کیمپ کا دورہ کیا اس دوران انہوں نے افغان باشندوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور انتظامات کا جائزہ لیا انہوں نے کیمپ میں موجود تمام افغان باشندوں میں کھانے پینے کی اشیا خود بھی تقسیم کیں اور اور دیگر تمام ضروری سہولیات فراہم کرنے کی مانیٹرنگ کی انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے پاکستان میں غیرقانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کا وطن واپسی کا سلسلہ جاری ہے ضلعی انتظامیہ چمن یکم اپریل سے لیکر آج تک ملک کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے افغان باشندوں کو کھانے پینے اور دیگر تمام ضروری سہولیات فراہم کر رہی ہیں۔

## غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہوں سے کٹوتی کریں گے، ڈی سی بارکھان

اسکولوں کے اساتذہ کرام محنت ولگن کے ساتھ بچوں کو پڑھائیں، عبداللہ کھوسو

اسکولوں میں صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھا جائے، ڈی سی کی ہدایت

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسو نے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر خادم حسین بھنگر، ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر بوائز سکولز طارق محمود کھیتران نے ضلع بھر کے مختلف گورنمنٹ بوائز، گرلز اسکولوں جن میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کوڈی مور، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول زادین رکنی، گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول گرڈ اسٹیشن رکنی، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول رڑکن، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول عظیم خان، گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول امیر محمد، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول امین خان کا اچانک دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسو نے اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری کو چیک کیا۔ کلاس رومز وزٹ کئے طلبہ و طالبات سے سبق سنا ان سے معلومات عامہ کے سوالات کئے۔ اسکولوں میں صفائی ستھرائی کے انتظام کو بھی دیکھا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ غیر حاضر اساتذہ کسی رعایت کے قابل نہیں ہونگے۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کو سختی سے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ان غیر حاضر اساتذہ سیلری سے کٹوتی کر کے گورنمنٹ کے خزانہ میں جمع کرائیں انکے خلاف فوری قانونی کاروائی عمل میں لاکر مجھے رپورٹ کریں۔ انہوں نے اسکولوں کے اساتذہ کرام سے کہا کہ وہ محنت ولگن کے ساتھ بچوں کو پڑھائیں اور بھرپور توجہ دیں۔ اسکولوں میں صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تعلیم میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اور فروغ تعلیم پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 17 APR 2025 Page No. 23

## خضدار کے رہنما کے بیٹے کا قتل قابل مذمت ہے، بی این پی

**شہید کے قتل میں ملوث عناصر کو [illegible] کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے اقدامات کئے جائیں**

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں بی این پی خضدار کے سینئر نائب صدر نور احمد میراجی مینگل کے جواں سال فرزند کے اغواء اور پھر بعد ازاں نال سے لاش برآمد ہونے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پارٹی خضدار کے سینئر نائب صدر نور احمد مینگل کے جواں سال فرزند کے گزشتہ روز اغواء اور آج نال سے لاش برآمدگی حکومت و لیویز انتظامیہ کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ شہید کے قتل میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔ بیان میں نور احمد مینگل اور ان کے خاندان سے پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل، مرکزی کابینہ، سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین نے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارٹی مشکل وقت میں اپنے رہنماء کے ساتھ ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ وقت کی شفاف تحقیقات کرتے ہوئے حقائق کو منظر عام پر لایا جائے۔

## نوابزادہ گہرام بگٹی کو 12 روز بعد رہا کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) جمہوری وطن پارٹی کے صوبائی صدر نوابزادہ گہرام بگٹی 12 روز بعد رہا ہو گئے سابق ایم پی اے کو 4 اپریل کو 3 ایم پی او کے تحت ڈیرہ بگٹی سے حراست میں لینے کے بعد سرکٹ ہاؤس سبی میں نظر بند کیا گیا تھا بدھ کو رہائی کے بعد نوابزادہ گہرام بگٹی ڈیرہ بگٹی کیلئے روانہ ہو گئے۔

MASHRIQ QUETTA

## حکومت کسی بلیک میلنگ میں آئے بغیر عوامی خدمت جاری رکھے گی، علی مدد جتک

**ناکام سیاسی جماعت کو بدترین ناکامی سے سمجھ لینا چاہیے کہ بلوچستان میں نفرت اور جھوٹ کی سیاست کا باب ختم ہو چکا ہے**

**احتجاج بجا، مگر اس کی آڑ میں نفرت، اشتعال انگیزی، سرکاری املاک و عوام کو نقصان پہنچانے کی کسی کو بھی اجازت نہیں دی جائیگی**

کوئٹہ (ع ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کسی بھی قسم کی بلیک میلنگ میں آئے بغیر عوامی خدمت جاری رکھے گی، بی این پی کے لانگ مارچ کا سفر سر پر کفن باندھنے سے شروع اور ٹینٹ اٹھا کر گھر جانے پر اختتام پذیر ہوا، قوم پرست جماعت کو بدترین ناکامی سے سمجھ لینا چاہیے کہ بلوچستان میں نفرت اور جھوٹ کی سیاست کا باب ........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ختم ہو چکا ہے۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان حکومت صوبے میں بہترین کام کر رہی ہے وزیراعلیٰ مدبر اور زیرک رہنما ہیں جنہوں نے ہمیشہ مثبت تنقید اور احتجاج کا خیر مقدم کیا ہے حکومت کی واضح پالیسی ہے کہ احتجاج سب کا آئینی حق ہے مگر اس کی آڑ میں نفرت، اشتعال انگیزی، سرکاری املاک، عوام کو نقصان پہنچانے کی کسی کو بھی اجازت نہیں دی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ترقی اور خوشحالی چاہتے ہیں انہوں نے اب خوش نما اور بے مقصد نعروں کی سیاست کو خیر باد کہہ دیا ہے یہی وجہ ہے کہ 20 دن تک مستونگ میں بیٹھے رہنے کے باوجود بی این پی کے لانگ مارچ کو نہ کامی ہوئی اور عوام میں پذیرائی حاصل نہیں ہو سکی اور بل آخر انہیں خود ہی احتجاج ختم کر کے گھر کو جانا پڑا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں قوم پرستی کی سیاست دفن ہو چکی ہے نوجوانوں نے فیصلہ کر لیا ہے

## موجودہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں عوام کی نمائندہ نہیں ہیں، خوشحال کاکڑ

**2024 کے انتخابات کے نتائج کو دھاندلی کے ذریعے تبدیل کرنے کی وجہ سے ملک استحکام کی بجائے تنزلی کی راہ پر گامزن ہوا**

**عوام کے ووٹ کا مذاق اڑانے والوں کو اس کا حساب دینا پڑے گا اور انہیں ہر حال میں عوامی رائے ووٹ کی اہمیت کو تسلیم کرنا ہوگا**

**موجودہ تمام حکومتی ڈھانچہ بدترین کرپشن اور انارکی کا شکار ہے، صوبے میں سول حکمرانی نام کو نہیں، چیئرمین پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی**

قلعہ سیف اللہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ فروری 2024 کے انتخابات کے نتائج کو بدترین دھاندلی کے ذریعے تبدیل کرنے کے باعث ملک کے استحکام کی بجائے تنزلی کی راہ پر گامزن ہوا موجودہ وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتیں عوام کے نمائندہ نہیں اور نہ ہی ان کے پاس کسی قسم کے اختیارات ہے بلکہ پہلے سے موجودہ تمام حکومتی ڈھانچہ بدترین کرپشن ........ بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

، رشوت خوری، انارکی اور تنزلی کا شکار ہے کسی بھی سرکاری محکمے کے اعلیٰ آفیسران سے لیکر آخر تک کسی کے پاس کوئی اختیار نہیں یعنی صوبے میں سول حکمرانی کو ختم کر دیا گیا ہے

## حکومت افغان کڈوال کی جبری بے دخلی کا سلسلہ فوری ختم کرے، اصغر اچکزئی

**غیر آئینی ادارے SIFC کے ذریعے بلوچستان میں مائنز اینڈ منرل ایکٹ کے ذریعے تمام تر حاصل کردہ اہداف پر حملہ ہوا**

**ایک سال ہو گیا چمن پرلت سے پیدا شدہ صورت حال سے لاکھوں افراد بیروزگار ہوئے، جدوجہد جاری رکھیں گے، صوبائی صدر**

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی کابینہ کا اجلاس زیر صدارت صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی خان باس کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں ملکی سیاسی صورتحال صوبے کے مخدوش حالات پر سیر حاصل بحث ہوئی اجلاس میں کہا گیا کہ عوامی نیشنل پارٹی نظریاتی سیاسی اور تنظیمی طور پر ایک ترقی پسند قوم پرست جماعت ہے جو آمرانہ قوتوں اور سیاہ راتوں کے خلاف ہمارے اکابرین نے طویل اور صبر ........ بقیہ 80 صفحہ نمبر 7 پر

آزما جدوجہد کے نتیجے میں وفاقی پارلیمانی جمہوری نظام 1973 کا آئین 2010 میں تاریخ ساز اٹھارویں ترمیم عمل میں لایا گیا جس کے خلاف شروع دن سے سازشیں ہوتے رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 17 APR 2025

Page No. 25

MASHRIQ QUETTA

## بلیدہ سے ایک شخص کی نعش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) تربت کے علاقے بلیدہ سے ایک شخص کی نعش برآمد تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بلیدہ کے علاقے سے ایک شخص کی نعش ملی جس کی شناخت ابوبکر سکنہ بلیدہ کے نام سے کی گئی جس کو فائرنگ

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کر کے قتل کیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

## بی این پی خضدار کے رہنما کے بیٹے کی لاش برآمد

خضدار (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی خضدار کے سینئر نائب صدر کے نوجوان بیٹے کی لاش برآمد۔ لیویز کے مطابق بدھ کے روز نال کے غیر آباد علاقے سے ایک لاش ملی جسے لیویز نے نال اسپتال منتقل کردیا گیا جہاں اسکی شناخت فاروق احمد ولد نور احمد قوم میراجی مینگل ساکن دہیر وڈھ سے ہوئی لیویز کے مطابق متوفی کے جسم پر گولیوں کے نشانات تھے۔ لاش کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر کے واقعہ سے متعلق تحقیقات شروع کردی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 17 APR 2025 Page No. 26

## آرمی چیف کا پرعزم خطاب

دہشت گردی، پاکستان کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے، جس کی وجہ سے بیرونی سرمایہ کار یہاں آنے میں ہچکچا رہے ہیں۔ شہباز شریف حکومت اور اس کے حساس اداروں کو اس صورتحال کا شدت سے ادراک ہے۔ آرمی پبلک اسکول پشاور کے سانحے کے بعد یکے بعد دیگرے آپریشن ضرب عضب اور ردالفساد کے کامیاب نتیجے میں 2018ء میں خودکش حملے اور ایسے ہی دیگر واقعات بڑی حد تک تھم گئے تھے۔ اگلے پانچ سال استحکام رہنے کے بعد 2021ء میں جب امریکی فوج افغانستان سے چلی گئی تو خیال تھا کہ طالبان حکومت قائم ہونے سے ماضی میں چلے آئے دونوں ملکوں کے مثالی تعلقات پھر سے آگے بڑھیں گے اور رہی سہی دہشت گردی بھی ختم ہو جائے گی۔ تاہم یہ بات خام خیال ثابت ہوئی اور افغان سرزمین سے خوارج نے سرحدی دراندازی کرتے ہوئے پاکستان پر حملوں سے لے کر آئے روز خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں داخل ہو کر سیکورٹی اہل کاروں اور سول آبادی کو دہشت گردانہ کارروائیوں کا نشانہ بنانے کا سلسلہ شروع کیا۔ آج ملک کے سیکورٹی اداروں اور شہریوں کو کالعدم ٹی ٹی پی کے حملوں کا سامنا ہے، جن میں اب تک متعدد افسران، اہل کار اور شہری دہشت گردوں کی گولیوں کا نشانہ بن چکے ہیں۔ اس فتنے کو نیست و نابود کرنے اور جڑ سے اکھاڑنے کیلئے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج شب و روز سرچ آپریشن میں مصروف ہے جو اس کے اہل کاروں اور شہریوں کی حفاظت کے ساتھ ساتھ وزیر اعظم شہباز شریف اور ان کی ٹیم کے معاشی بحالی اور ملکی ترقی و خوشحالی کے اقدامات میں بھی ناگزیر ہے۔ حالیہ وقت انتہائی اہم اور حساس نوعیت کا حامل ہے کہ جب حکومت اپنے معاشی بحالی اور ترقی کے ایجنڈے پر شبانہ روز عمل پیرا ہوتے ہوئے زراعت، صنعت و تجارت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور معدنیات کے شعبوں میں متحرک ہے، مختلف ممالک کے ساتھ تجارتی معاہدے عمل میں لائے جا رہے ہیں، ایسے میں سمندر پار پاکستانیوں کا ملک و ملت کیلئے ترقی کا جذبہ حکومتی عزائم کو تقویت دیتا ہے۔ شہباز شریف حکومت نے ان کی ملک و ملت کیلئے شاندار خدمات کے اعتراف میں ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ اوورسیز پاکستانیز کنونشن کا کامیاب انعقاد کرنے کی بے مثال سعی کی ہے۔ اس موقع پر آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے اپنے خطاب میں دہشت گردوں اور ان کی پشت پناہی کرنے والوں پر واضح کیا کہ جب تک اس ملک کے غیور عوام فوج کے ساتھ کھڑے ہیں، وہ ہر مشکل سے نبرد آزما ہو سکتی ہے اور جو بھی پاکستان کی ترقی کی راہ میں حائل ہوگا، ہم مل کر اس رکاوٹ کو ہٹا دیں گے۔ آرمی چیف نے کنونشن کے دوران بیرون ملک سے آئے اہل وطن کے جذبات دیکھ کر انہیں متاثر کن قرار دیا۔ آرمی چیف کے بقول، پاکستان کے دشمنوں کا یہ خیال کہ مٹھی بھر دہشت گرد پاکستان کی تقدیر کا فیصلہ کر سکتے ہیں، انہیں یاد رکھنا چاہئے کہ دہشت گردوں کی دس نسلیں مل کر بھی اس ملک کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں۔ آرمی چیف نے کہا کہ بلوچستان، پاکستان کی تقدیر اور ہمارے ماتھے کا جھومر ہے۔ جنرل عاصم منیر نے واشگاف الفاظ میں کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ تھا، ہے اور رہے گا، ہمارے لیے یہ سوال نہیں کہ پاکستان نے کتنی ترقی کرنی ہے، بلکہ یہ ہے کہ اس نے کتنی تیزی سے ترقی کرنی ہے۔ سمندر پار پاکستانیوں کے کنونشن کا کامیاب انعقاد اور ممکنہ خدشات دور کرنے میں حکومت کی کوششیں موجودہ اور آنے والے وقت میں ثمر آور ثابت ہوں گی۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت کو ایسی سعی کی ضرورت ہے جو سیاسی ناہمواریاں دور کر سکے اور موجودہ اور آنے والے چیلنجوں سے نمٹنے کی پوری طاقت رکھتی ہو۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 17 APR 2025 Page No. 27


## ملکی ترقی تمام اکائیوں کے آئینی حقوق کی فراہمی سے ممکن ہے!

ملک کی تمام اکائیوں کو آئینی حقوق کی فراہمیسے ترقی کی جانب گامزن کیا جاسکتا ہے۔ ترقی کے یکساں مواقع، وسائل پر حقوق، تعلیم، صحت سمیت ہر شعبے میں جائز فنڈز کی فراہمی جبکہ این ایف سی ایوارڈ کی بروقت اجراء سیصوبوں کو درپیش چیلنجز اور مسائل سے نکالنا ضروری ہے جس کیلئے قومی یک جہتی کے ساتھ قومی پالیسی بہت ضروری ہے جوصوبوں کے درمیان مضبوط رشتے قائم کرے۔ ایک یا دوصوبوں کی ترقی سے ملکی ترقی کی مثال نہیں دی جاسکتی۔ مرکز کو بڑے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے تمام صوبوں کیلئے معاشی روڈ میپ دینے کے ساتھ انسانی وسائل پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ موجودہ وفاقی حکومت کی جانب سے صوبوں کی ترقی، فلاح و بہبود سمیت تعلیم، صحت پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے مگراس کی مستقل پالیسی ہونی چاہئے جوقومی پالیسی کا حصہ بنے ،حکومتوں کی تبدیلی سے پالیسیوں میں ردوبدل ترقی کی رفتار کو بریک لگاتی ہے۔ ملک کے نوجوانوں پر سب سے زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے جنہیں معیاری وفنی تعلیم سے آراستہ کرکے ترقی کی راہ ہموار کی جاسکتی ہے۔ ملک کی نصف سے زیادہ آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے جن کیلئے معیاری تعلیم ، بیرون ممالک اسکالرشپ دینے کے ساتھ ملک کے اندر بہترین روزگار کے مواقع بھی پیدا کرنا ضروری ہے تاکہ نوجوان منفی سرگرمیوں سے دور رہتے ہوئے ملک کی ترقی میں مرکزی کردار ادا کریں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان تیز رفتاری کے ساتھ آگے بڑھنا چاہتا ہے، اور اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کرنا چاہتا ہے، اس کے لیے نوجوانوں کو مواقع دینا ضروری ہے۔ اسلام آباد میں زرعی شعبے میں تربیت کے لیے ایک ہزار زرعی گریجویٹس میں سے پہلے 300 طلبہ کو چین بھجوانے کے سلسلے میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے ریسرچ انسٹیٹیوٹ کو دوبارہ زندہ کرنا ہے، زرعی جامعات کو آباد کرنا ہے، تاکہ ہمارے نوجوان کھیت کھلیانوں کو چار چاند لگاسکیں، امید ہے آپ دن رات محنت کرکے پاکستان کی عزت میں بے پناہ اضافہ کریں گے۔ شہباز شریف نے کہا کہ نوجوانوں سے قوم کی امیدیں وابستہ ہیں، آج ایک اہم دن ہے، جب ہمارے نوجوان زرعی گریجویٹ زراعت کے شعبے میں جدید تربیت کے حصول کے لیے

پاکستان کے سب سے قریبی دوست ملک چین روانہ ہورہے ہیں، آپ زراعت میں مہارت حاصل کریں، بعض بچے گریجویشن کرکے کہتے ہیں، ہم نے کھیت نہیں سنبھالنے، ہم پڑھ لکھ گئے ہیں، اب ہم بابو بنیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ میں کہتا ہوں، آپ بابو بھی بنیں، لیکن اپنے دیہات میں جاکر انٹر پرینیوزشپ کا آغاز کیوں نہیں کرتے، ہم آپ کو سبسڈائز نرخوں پر قرض دیں گے، وسائل فراہم کریں گے تاکہ آپ زرعی برآمدات میں اضافہ کریں، ویلیوایڈڈ پروڈکٹس بنائیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان سب کا سانجھا ہے، چاروں اکائیوں کو مل کر کام کرنا ہوگا، پاکستان کی ترقی کیلئے چاروں صوبوں کی یکساں ترقی لازم وملزوم ہے، چین نے ہر موقع پر پاکستان کا ساتھ دیا، آئی ایم ایف پروگرام کے حصول میں بھی چین کا تعاون مثالی تھا، چین، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات پاکستان کے بہترین دوست ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین جانے والے یہ طلبہ موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز سے ہم آہنگ شعبہ جات میں تربیت حاصل کریں گے، اور زراعت میں چین کی ترقی اور جدت طرازی سے مستفید ہوں گے۔ میں نے اپنے دورہ چین میں صدر شی جن پنگ کے آبائی علاقے میں واقع زرعی یونیورسٹی کا دورہ کیا، تو حیران رہ گیا، وہاں زراعت کے حوالے سے سہولتوں اور جدت کو دیکھ کر اسی وقت فیصلہ کرلیا تھا کہ ایک ہزار نوجوان پاکستانیوں کو یہاں تربیت کے لیے بھیجنا ہے، چینی صدر نے میری اس درخواست کو منظور کیا، جس پر میں ان کا شکر گزار ہوں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کے زرعی گریجویٹس چین کی زرعی شعبے میں کی گئی ترقی کا مشاہدہ کریں گے، اور چین کی زراعت میں ترقی سے استفادہ کرنے کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں گے، ہماری حکومت زرعی شعبے کی استعداد کار بڑھانے کے لیے پرعزم ہے، اس پروگرام کے لیے مختلف محکموں اور اداروں کا اہم کردار ہے، جنہوں نے میرٹ پر چین جانے والے طلبہ کے انتخاب کو ممکن بنایا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل کچھ تربیتی پروگرامز میں 45 سے 50 سال کے عمر والے سرکاری افسران شرکت کرتے تھے، تاہم ہم نے نوجوانوں کو موقع دیا کہ وہ چین جاکر زرعی تربیت حاصل کرکے آئیں، سرکاری افسران کا تربیت پر جانا کوئی بری بات نہیں، لیکن جس کا کام اسی کو ساجھے، اب ہمیں نوجوانوں کو مواقع دینے کی ضرورت ہے، تاکہ مستقبل کے معمار پاکستان کو جدید سمت میں زرعی ترقی کی جانب لے جاسکیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ چین جانے والے طلبہ میں پاکستان کے تمام صوبوں، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کے طلبہ شامل ہیں، انہوں نے طلبہ سے میرٹ کے پیمانے کے حوالے سے سوال کیا تو تقریب میں شریک طلبہ نے زوردار تالیاں بجاکر میرٹ کی بالادستی کو یقینی بنانے کی تائید کی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا کوٹہ 10 فیصد زائد رکھا ہے، کیوں کہ جب سے میں خادم اعلیٰ پنجاب تھا، تب سے بلوچستان کے طلبہ کا 10 فیصد زائد کوٹہ رکھتا آرہا ہوں، اسی لیے اس پریکٹس کو ہم نے برقرار رکھا ہے، پاکستان ہم سب کا سانجھا ملک ہے، اسے ہم سب نے مل کر ترقی دینی ہے۔ بہرحال وفاقی حکومت کی جانب سے بہتر فیصلوں سے تبدیلی آرہی ہے جو ملک کے مستقبل کیلئے بہترین نتائج برآمد کرے گا، تاہم حکومتی پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے مستقل پالیسیوں سے ہی معاشی وسیاسی استحکام آئے گا۔ امید ہے کہ تمام صوبوں کی خوشحالی کیلئے عملی اقدامات اٹھائے جائینگے تاکہ صوبے یکساں ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 17 APR 2025 Page No. 27

# دہشت گردوں کی 10 نسلیں بھی بلوچستان اور پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں

چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان کے دشمنوں کا یہ خیال ہے کہ مٹھی بھر دہشت گرد پاکستان کی تقدیر کا فیصلہ کر سکتے ہیں جبکہ دہشت گردوں کی 10 نسلیں بھی بلوچستان اور پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، جو پاکستان کی ترقی کے راستے میں حائل ہوگا ہم مل کر اس رکاوٹ کو ہٹا دیں گے۔ میں آج بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے جذبات دیکھ کر بہت متاثر ہوا ہوں اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کے لیے ہمارے جذبات اس سے بھی زیادہ مضبوط ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ صرف پاکستان کے سفیر ہی نہیں بلکہ پاکستان کی وہ روشنی ہیں جو پورے اقوام عالم پر پڑتی ہے، جو لوگ برین ڈرین کا بیانیہ بناتے ہیں، وہ جان لیں کہ یہ برین ڈرین نہیں بلکہ برین گین ہے اور بیرون ملک پاکستانی اس کی عمدہ ترین مثال ہیں۔ سمندر پار پاکستانیز کو مخاطب کر کے ان کا کہنا تھا کہ آپ سب پاکستان کی کہانی اپنی اگلی نسل کو سنائیں گے اور وہ کہانی جس کی بنیاد پر ہمارے آباؤ اجداد نے پاکستان حاصل کیا۔ آرمی چیف نے کہا کہ کیا پاکستان کے دشمنوں کا یہ خیال ہے کہ مٹھی بھر دہشت گرد پاکستان کی تقدیر کا فیصلہ کر سکتے ہیں، دہشت گردوں کی 10 نسلیں بھی بلوچستان اور پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان پاکستان کی تقدیر اور ہمارے ماتھے کا جھومر ہے، جب تک اس ملک کے غیور عوام افواج پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، آپ کی فوج ہر مشکل سے باآسانی سے نبرد آزما ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو بے بہا وسائل سے نوازا ہے جس پر ہمیں ہر وقت شکر ادا کرنا چاہیے، ہم آج مل کر یہ واضح پیغام دے رہے ہیں کہ "جو پاکستان کی ترقی کے راستے میں حائل ہوگا ہم مل کر اس رکاوٹ کو ہٹا دیں گے"۔ آرمی چیف نے اوورسیز پاکستانیوں سے مخاطب ہو کر کہا کہ "آپ جس ملک میں بھی ہوں، یاد رکھیں کہ آپ کی میراث ایک اعلیٰ معاشرے، نظریے اور تہذیب سے ہے"۔ نامساعد حالات کے آگے بطور مسلمان اور پاکستانی نہیں گھبراتے، ہم کبھی بھی مشکلات اور دشواریوں کے سامنے نہ جھکے ہیں اور نہ جھکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک اس ملک کے غیور عوام افوج پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں پاکستان کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا، قوم اپنے شہدا کو نہایت عزت اور وقار کی نظر سے دیکھتی ہے، ان کی قربانی لازوال ہے جس پر کبھی ملال نہ آنے دیں گے۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا کہ ہم پاکستان کو اس مقام پر لے جانا چاہتے ہیں جس کا خواب قائداعظم نے دیکھا تھا اور آپ ہمیشہ اپنا سر فخر سے بلند رکھیں کیونکہ آپ کا تعلق کسی عام ملک سے نہیں بلکہ آپ ایک عظیم اور طاقتور ملک کے نمائندے ہیں۔ اپنے خطاب میں آرمی چیف کا کہنا تھا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ تھا، ہے اور ہمیشہ رہے گا، اسی طرح پاکستانیوں کا دل ہمیشہ غزہ کے مسلمانوں کے ساتھ دھڑکتا ہے۔ آرمی چیف نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کا سفر جاری ہے، سوال یہ نہیں کہ پاکستان نے کب ترقی کرنی ہے بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ پاکستان نے کتنی تیزی سے ترقی کرنی ہے۔ اپنے خطاب کے اختتام پر آرمی چیف اور شرکا نے پاکستان ہمیشہ زندہ باد کا نعرہ لگایا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 6

Daily: Balochistan News Quetta

Dated: 17 APR 2025

Page No. 28


# بلوچستان کی تعمیر وترقی: شکریہ وزیراعظم شکریہ وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اعلان کیا ہے کہ بین الاقوامی مارکیٹ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والی کمی کو صارفین تک منتقل کرنے کی بجائے اس رقم کو بلوچستان کی سب سے اہم شاہراہ این۔25 (چمن-کوئٹہ-قلات-خضدار-کراچی شاہراہ) کو دورویہ کرنے میں استعمال کیا جائے گا جبکہ وزیراعظم نے ہدایت کی ہے کہ قومی شاہراہ کی بحالی موٹروے کے معیار پر کی جائے، اسی بچت سے کچھی کینال کا فیز 2 بھی مکمل کرنے میں استعمال ہوگی جس سے صوبہ بلوچستان کی سینکڑوں ایکڑ زمین سیراب ہو گی اور صوبے سمیت پاکستان بھر میں خوشحالی آئے گیا انہوں نے یہ ہدایت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں کی ہے جو گزشتہ روز یعنی منگل کو منعقد ہوا وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اس اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی جو کہ خصوصی طور پر وفاقی کابینہ کے اجلاس میں شریک تھے، نے بلوچستان کے عوام کے لئے این 25 کی بحالی کے منصوبے اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کے لیے وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا وفاقی حکومت نے فنڈز کا رخ بلوچستان کی طرف موڑ دیا ہے یعنی اب پٹرولیم منصوعات کی قیمتوں میں کمی سے حاصل ہونے والی رقم بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر خرچ ہوگیوزیراعظم نے اعلان کیا کہ بین الاقوامی مارکیٹ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والی کمی کو صارفین تک منتقل کرنے کی بجائے اس رقم کو بلوچستان کی سب اہم شاہراہ N- 25 (چمن-کوئٹہ-قلات-خضدار-کراچی شاہراہ) کو دورویہ کرنے میں استعمال کیا جائے گا تاکہ بلوچستان کے عوام کو سفر کی بہترین سہولیات میسر آسکیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ قومی شاہراہ کی بحالی موٹروے کے معیار پر کی جائے۔ مزید برآں اسی بچت سے کچھی کینال کا فیز 2 بھی مکمل کرنے میں استعمال ہوگی جس سے صوبہ بلوچستان کی سینکڑوں ایکڑ زمین سیراب ہوگی اور صوبے سمیت پاکستان بھر میں خوشحالی آئے گی۔ یہاں اس بات کا ذکر ضروری ہے کہ بلوچستان میں اس وقت بھی وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے تحت مواصلات سمیت دیگر شعبوں میں اربوں کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے بلوچستان کے حوالے سے اس بات میں کسی حد تک صداقت ہے کہ ماضی میں یہ صوبہ مختلف وجوہات کی بناء پر ترقی کے سفر میں باقی صوبوں سے پیچھے رہ گیا مگر دیانتدارانہ تجزیہ کیا جائے تو تان یہیں پر آکر ٹوٹے گی کہ بلوچستان کی پسماندگی کا ذمہ دار کوئی اور نہیں خود ہم یعنی ہماری سیاسی جماعتیں ہیں اگر ماضی میں وقت گزاری کرنے والی جماعتیں زبانی کلامی دعوؤں کی بجائے بلوچستان کو مرکزی دھارے میں لانے کے لئے تعمیر و ترقی کا جال بچھاتیں تو آج صوبے کا منظر نامہ کچھ اور ہوتا مگر متاسفانہ سیاسی جماعتوں نے بلوچستان کے حوالے سے عدم توجہی برتی بلوچستان کی قوم پرست اور مذہبی جماعتیں ہر دور حکومت میں برسر اقتدار رہیں وہ جب حکومت میں ہوتے ہیں وقت گزاری کرتے ہیں جب اپوزیشن میں آتے ہیں انہیں بلوچستان کی یاد آجاتی ہے بہرحال ہم ماضی میں نہیں جاتے حال کی بات کرتے ہیں حال میں صورت احوال یہ ہے کہ اس وقت گوادر سے شیرانی تک بلوچستان میں مواصلات اور دیگر شعبوں میں کام ہورہا ہے تعمیر وترقی کا یہ سفر روز بروز تیز ہورہا ہے رہ گئی کوئٹہ کراچی شاہراہ کی بات تو وزیراعظم شہباز شریف جب پچھلے دور میں وزیراعظم بنے تب بھی انہوں نے چمن کوئٹہ کراچی شاہراہ کا اعلان کیا مگر بدقسمتی سے اس دوران کام سست روی کا شکار ہوا اب گزشتہ روز انہوں نے بلوچستان کے حوالے سے ایک قدم آگے بڑھاتے ہوئے بظاہر ملک کے تمام شہریوں پر پٹرول کی مد میں اضافی بوجھ ڈالا ہے مگر یہ بوجھ بے جا نہیں ہے اس اقدام نے اہل بلوچستان کے دل جیت لئے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بدھ کے روز وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور نوابزادہ خالد مگسی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی کابینہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے لئے منصوبوں کا اعلان کرنے پر وہ وزیراعظم کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام کا دیرینہ مطالبہ پورا ہونے جارہا ہے، کراچی سے چمن کی سڑک کو خونی شاہراہ کہا جاتا تھا، این اے 25 کی تعمیر میں پاکستان کے ایک ایک فرد کا حصہ ہوگا انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی بلوچستان سے شروع ہوگی جب ترقی کا آغاز ہونے لگتا ہے تو دشمن حرکت میں آجاتا ہے، ہم نے تمام شاہراہیں کلیئر کرالی ہیں، ان شا اللہ ہم اس بڑے چیلنج سے نبردآزما ہونے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اہلیان بلوچستان کا ایک دیرینہ مطالبہ تھا کہ کراچی سے چمن تک ہائی وے کی تعمیر کی جائے گزشتہ روز وزیراعظم شہباز شریف نے اہل بلوچستان کے اس دیرینہ مطالبے پر انتہائی مستحسن اقدام اٹھایا ہے جس پر وزیراعلیٰ اور وزیر تجارت ہی نہیں بلکہ پورا صوبہ وزیراعظم اور وفاقی حکومت کا شکریہ ادا کرتا ہے وفاقی کابینہ کا اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا جس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بھی کابینہ کے اجلاس میں خصوصی شرکت کی لہٰذا ہم بلوچستان نیوز کی جانب سے وزیراعظم اور وفاقی کابینہ کے ساتھ ساتھ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بھی خصوصی شکریہ ادا کرتے ہیں انہوں نے اس انتہائی اہم منصوبے سے متعلق وفاق میں آواز اٹھائی کردار ادا کیا اور اس کے نتیجے میں یہ اہم پیشرفت ممکن ہوئی ہے امید واثق ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں بلوچستان کے جملہ مسائل کے حل اور عوام کی ترقی وخوشحالی کے لئے جاری اقدامات کا سلسلہ جاری رکھیں گی اور اس بابت کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا۔

(بشکریہ۔روزنامہ جسارت)

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 17 APR 2025 Page No. 29

## پٹرولیم نرخ: حکومت بلوچستان میں ترقی کرنیکا اعلان

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 4

Dated: 16 APR 2025 Page No. 37

# BHC passes the buck on Mahrang's detention case

OUR CORRESPONDENT
QUETTA

The Balochistan High Court (BHC) on Tuesday disposed of a constitutional petition seeking the release of Baloch Yakjehti Committee (BYC) chief organiser Dr Mahrang Baloch, directing the petitioner to approach the Balochistan home department.

A division bench comprising Acting Chief Justice Ejaz Ahmed Swati and Justice Muhammad Aamir Rana heard the petition. Instead of issuing a ruling on the matter, the court converted the constitutional petition into a representation and forwarded it to the provincial home secretary for appropriate action.

The bench advised the petitioner to first raise the matter with the home department to determine the legality of the Maintenance of Public Order (MPO) under which Mahrang had been detained.

Advocate Imran Baloch, representing the petitioner, argued that the plea was

*MAHRANG BALOCH, PAGE 6*

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 17 APR 2025 Page No.




کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اقلیتوں کے انڈومنٹ فنڈ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اقلیتوں کے انڈومنٹ فنڈ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں